21/02/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عابدہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

لیڈرشپ کانکلیو کے کا افتتاح SOUL وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں کیا۔

لیڈرشپ کنکلیو میں سیاست، کھیل کود، آرٹس اور میڈیا، روحانیت کی دنیا، SOUL اس دو روزہ سرکاری پالیسی، کاروبار اور سماجی شعبے جیسے متنوع شعبوں کے لیڈر اپنی زندگی کے ترغیبی سفر پر روشنی ڈالینگے ۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے عوامی نمائندوں کے ساتھ پری بجٹ مشارت کا سلسلہ مکمل کیا ہے ۔

وزیراعلیٰ نے جموں اور کشمیر صوبوں کے عوامی نمائندوں کے ساتھ مشاورت کر کے بجٹ کے حوالے سے ان کی تجاویز حاصل کی ۔ انہوں نے نمائندوں کو یقین دلایا کہ ان کی تجاویز کو بجٹ کی تشکیل کے دوران ملحوظ نظر رکھا جائے گا ۔

سکینہ اِیتو

سماجی بہبود محکمہ کی وزیر سکینہ اِیتو نے عوام کی معاشی ترقی کو فروغ دینے اور مالی اداروں کو لوگوں کے لئے قابل رَسائی بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔

کولگام میں ایک نجی بنک کی شاخ کا اِفتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مالی رَسائی کو بڑھانا اور لوگوں کو جامع بینکاری خدمات فراہم کرنا سرکار کی اولین ترجیح ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے محکمہ ماحولیات پر زور دیا کہ وہ آبی پناہ گاہوں اور جھیلوں کے تحفظ کے لئے ٹھوس اقدامات کریں ۔ محکمہ کے کام کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے افسران سے کہا کہ وہ جنگلاتی اراضی پر سائنسی طریقے سے شجر کاری کرنے کا ایک مربوط لائحہ عمل تیار کریں ۔

انہوںنے رواں سال کے شجر کاری موسم میں ایک کروڑ 50 لاکھ پودے لگانے کا ہدف پورا کرنے کی بھی افسران کو ہدایت دی ۔

مادری زبان

آج مادری زبان کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد مختلف طبقوں ، علاقوں اور سماجوں میں مادری زبان کی اہمیت کو اجا گر کرنا ہے ۔ اس حوالے سے ملک بھر میں تقریبات منعقد کی جا رہی ہیں ۔

NIELIT

سرینگر میں 28 ویں SKICC نیشنل اِنسٹی چیوٹ آف الیکٹرانکس اینڈ اِنفارمیشن ٹیکنالوجی نے آل اِنڈیا ڈائریکٹرز میٹنگ کا اِنعقاد کیا۔

مراکز کے ڈائریکٹروں نے شرکت کی NIELIT 53 اِس اہم میٹنگ میں ملک بھر میں موجود اور اِدارے کی مستقبل کی ترقی، تعلیمی پیش رفت اورصنعتی تعاون کے علاوہ دیگر کئی کلیدی موضوعات پر غور وخوض کیا گیا ۔

اننت ناگ

فوڈ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ اننت ناگ نے دکانداروں کی طرف سے محکمہ کے طے کئے گئے ضوابط پر من و عن عمل کرنے کے لئے ضلع کے مختلف بازاروں کا معائنہ کیا۔

معائنہ کے دوران، فوڈ سیفٹی کے معیارات کی کئی خلاف ورزیوں کی نشاندہی کی گئی۔ محکمہ کے افسران نے اِن خلاف ورزیوں کی پاداش میں دکانداروں پر جرمانہعائد کیا ۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے نارکو کوآرڈینیشن میکانزم کے تحت ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوں نے منشیات کی اسمگلنگ کو روکنے کے لئے سخت کارروائیوں کی کرنے Attach ضرورت اجا گر کرتے ہوئے منشیات کی فروخت میں ملوث افراد کے اثاثوں کو کی ہدایت دی ۔ڈپٹی کمشنر نے نوجوانوں کی کھیلوں میں شرکت کو بڑھاوا دینے پر زور دیا ۔

کپوارہ

ڈپٹی کمشنر کپوارہ آیوشی سدن نے ڈسٹرکٹ روڈ سیفٹی کمیٹی کی میٹنگ میں ضلع میں ٹریفک ضابطوں کے نفاذ اور سڑک حادثات سے بچنے کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لیا۔

انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ ٹریفک ضوابط کی عدولی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کریں ۔

گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ضلع میں مالی سہ ماہی کے لئے بینکوں اور لائن ڈپارٹمنٹس کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے ضلعی سطح کی میٹنگ طلب کی۔

انہوں نے سالانہ کریڈٹ پلان کے تحت مختص اہداف کے حوالے سے زراعت کے شعبے میں کسانوں کو قرضہ جات کی فراہمی کو یقینی بنانے پر زور دیا ۔

شوپیان

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششیر گپتا نے ڈی سی آفس کے احاطے میں شجر کاری مہم کی شروعات کے بعد واٹر شیڈ یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔ اس مہم کے تحت آبی وسائل کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے مختلف پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں ۔

آیوش

محکمہ آیوش نے زراعت محکمہ اننت ناگ کے تعاون سے مٹن اننت ناگ میں روزگار کے متبادل ذریعہ کے طور پر
دواو

ں اور خوشبودار پودوں کی کاشت کو فروغ دینے کے حوالے سے ایک روزہ سیمینار کا انعقاد ۂ کیا۔ اس موقعہ پر موجودہ موسمی حالات میں اِن پودوں کی کاشت کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

SMC

سوچھ سرویکشن مہم کے تحت سرینگر میونسپل کارپوریشن نے سوچھتا کے حوالے سے بحث ،فن ،ادب اور کھیلوں Influencers و مباحثے کا ایک پروگرام منعقد کیا جس میں سوشل میڈیا سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی ۔ اس پروگرام کا مقصد صفائی کے بارے میں بیداری پید ا کرنا تھا۔

سرینگر

ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم کشمیر کے کوالٹی کنٹرول ڈویژن نے سٹی سینٹر سرینگر کے درگاناگ اور ڈلگیٹ علاقوں میں ہاتھ سے بنی مصنوعات فروخت کرنے والے مختلف شورومز کا معائینہ کیا، جس دوران کرافٹ ڈیلروں سے تلقین کی گئی کہ وہ مشین سے تیار کردہ اشیا ءکو اصل ہاتھ سے بنی مصنوعات کے طور پر فروخت کرنے سے باز آ جائیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ